© rasailojaraid.com

ہُوا ہے حضرت ابن مسعودؓ جیسے صحابہ کرام نے یہی سمجھا اور امام ابو حنیفہؒ اور سفیان ثوریؒ وغیرہ ائمہ نے اسی کو اختیار کیا اور حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت جابر وغیرہ دوسرے بہت سے صحابہ کرام نے اس کے برعکس سمجھا، اور حضرت امام شافعی اور امام احمد وغیرہ نے اس کو اختیار کیا اور دلسے کا یہ اختلاف بھی صرف فضیلت میں ہُوا، رفع اور ترک رفع کا جواز سب کے نزدیک مسلّم ہے۔

اللہ تعالیٰ غلو اور نا انصافی سے حفاظت فرمائے اور اتباعِ حق کی توفیق دے"۔

اس کتاب میں نماز کی ساری صورتیں اور اُن کے آداب بیان کیے گئے ہیں اور اس باب میں کوئی چیز باقی نہیں رہ گئی۔ اس میں مختلف دعائیں بھی درج ہیں۔

یہ کتاب ہر لحاظ سے بڑی مفید اور کار آمد ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو اس نیک اور مقدس کام کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق دے۔

کتاب کا معیار طباعت اور کتابت عمدہ ہے۔

---

**تمدنِ یورپ** تالیف: جناب ڈاکٹر احسان محمد خاں، ایم، اے، پی، ایچ۔ ڈی۔ ملنے کا پتہ: مشتاق بک ڈپو، شیلڈن روڈ، نزد اُردو کالج کراچی۔ قیمت چھ روپے۔ صفحات ۲۸۸

اس کتاب میں یورپی زندگی کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا ہے، مثلاً خاندانی زندگی، نو عمروں کی اقتصادی آزادی اور ان کے باہمی اختلاط کے مضر نتائج، زن و شو کے تعلقات، مغربی تہذیب میں عورت کا مقام، مذہب، عقد و مناکحت، تہذیب کے خلاف بغاوت، شہروں اور گاؤں میں تصادم، کارل مارکس کی تلقین میں صداقت، روس میں اشتراکیت کا تجربہ، جمہوریت سے گریز اور اس کا مستقبل، پیرس کی عورتیں، یورپ کے تمدن و معاشرہ پر دوسری جنگِ عظیم کے اثرات۔

کتاب کے عنوانات بڑے وقیع ہیں لیکن ان میں سے کسی ایک پر بھی سیر حاصل بحث

© rasailojaraid.com